9347 ـ اللہ تعالی کے ناموں کا عربی کے علاوہ ترجمہ کرنا۔

سوال

کیا اللہ تعالی کے ناموں کا عربی کے علاوہ دوسری زبانوں میں ترجمہ کرنا تحریف ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اللہ تعالی کے ناموں کا دوسری زبانوں میں ترجمہ کرنا جائز ہے تاکہ جو عربی نہیں جانتا وہ سمجھ سکے لیکن اگر مترجم اگر دونوں زبانوں پر عبور رکھتا ہو ، جیسا کہ یہ بھی جائز ہےکہ آیات قرآنی اور احادیث نبویہ کا ترجمہ کیا جائے تاکہ انہیں دین کی سمجھ آسکے ۔

اور اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔

اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اور صحابہ پر رحمتیں نازل فرمائے ، آمین ۔